© rasailojaraid.com

شیرینی گھول کر پلا دیتے ہیں۔ پھر ترغیب وتشویق مناسب ترھیب اور شوق دلا کر فقہی مسائل سے آگاہ کرتے ہیں جس سے ذہنی تربیت فکری بالیدگی شعور کی پختگی اور طلب واستفسار کی انگیخت ہوتی ہے۔ عمل ہو یا نہ ہو طرز تحریر ایسی ہے کہ پڑھ کر ایک علمی و دینی اور فقہی مسئلہ سیکھنے کا ثواب مل جاتا ہے۔

بعینہ زیر تبصرہ کتاب محولہ بالا صفات کی حامل ہے۔ اور ہر لحاظ سے جامع اور مکمل، جس موضوع پر بھی کوئی اس کے مطالعہ کی طرف متوجہ ہو جائے، انشاء اللہ تشنگی محسوس نہیں کرے گا۔ قرآنی تعلیمات احادیث اور سنت رسول عبادات معاملات ومعاشیات آداب واخلاقیات سلوک وتصوف واحسان دعوت وارشاد فرق باطلہ کا تعاقب خواتین کے فرائض و حقوق اور دائرہ کار اسراف وتبذیر رسم ورواج اور گناہ بےلذت اور عالم اسلام جیسے اہم موضوعات پر کتاب محیط ہے۔ یہ کتاب ہر گھر کی ضرورت اور ہر لائبریری کی زینت بننے کے قابل ہے۔ معنوی لحاظ سے تو اس کی خوبی وحسن میں کوئی کمی نہیں جبکہ صوری اور ظاہری لحاظ سے بھی کتاب انتہائی دیدہ زیب ہے۔ جس میں مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کا حسن ذوق واضح طور پر جھلک رہا ہے۔

---

کتاب: نقش سرسید    مرتب: ضیاء الدین لاہوری

ضخامت: ۲۶۴ صفحات    قیمت: ۱۵۰/- روپے

ملنے کا پتہ: دارالکتاب۔ کتاب مارکیٹ اردو بازار لاہور

جناب ضیاء الدین لاہوری کا اسم گرامی علمی وادبی اور تحقیقی وتاریخی کام کرنے والے حلقوں کے لئے نیا نہیں۔ آپ کا اشہب قلم متنوع موضوعات پر تگ وتاز میں مصروف رہتا ہے۔ اور کئی علمی ادبی اور تحقیقی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ سرسید احمد خان جو کہ برصغیر میں بالعموم اور اہل پاکستان میں بالخصوص ایک بہت بڑے مصلح اور مسلمانانِ برصغیر کے بہی خواہ کے طور پر پہنچانے جاتے ہیں۔ ان کی سیرت پر آپ نے کافی کام کیا ہے۔ اور فکر ونظر کے نئے زاویوں اور مخفی دریچوں کی نشاندہی کی ہے گو کہ آپ کی تحقیق سے کوئی اختلاف کرے اور اسے یہ حق حاصل بھی ہے لیکن جس جستجو او عرقریزی سے آپ نے اس موضوع پر کام کیا ہے وہ واقعی داد وتحسین کے لائق ہے۔...... ''نقش سرسید'' یہ کتاب کا دوسرا ایڈیشن ہے، نقش ثانی کے عنوان سے مرتب رقمطراز ہیں: نقش سرسید کی طبع اول ختم ہوئی اس دوران مزید نکات مطالعہ میں آئے جنہیں متعدد مضامین میں موزوں مقامات پر سمویا گیا۔ جس سے مضامین کو وسعت ملی اور تحقیقی نتائج کو مزید تقویت حاصل ہوئی۔ نئے نکات سامنے آئے، نئے مضامین بھی مرتب ہوئے جو حسبِ معمول علمی رسائل میں شائع ہونے کے بعد زیر نظر تالیف میں شامل کئے گئے۔ ............ کتاب خوبصورت اور دیدہ زیب ہے، تاریخ وتحقیق کے متلاشیوں کے لئے یہ کتاب انتہائی کارآمد ہے۔ حوالہ جات میں مرتب نے بہت ہی احتیاط سے کام لیا ہے۔

© rasailojaraid.com